Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 7 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو ادب (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A,B,C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1 اُردو کا پہلا قابلِ ذکر غزل گو شاعر ہے۔
(A) ولی دکنی (B) میر تقی میرؔ (C) میر دردؔ (D) فیض احمد فیضؔ

2. مقدمہ شعر و شاعری تصنیف ہے۔
(A) غالبؔ کی (B) حالیؔ کی (C) میر تقی میرؔ کی (D) میر دردؔ کی

3. نظم ''صحرا کی دعا'' کس شاعر کی ہے؟
(A) احمد ندیم قاسمی کی (B) علامہ اقبالؒ کی (C) حفیظ جالندھری کی (D) فیض احمد فیض کی

4. مصرع مکمل کریں۔ دیں اذانیں کبھی یورپ کے ____ میں:
(A) مسجدوں (B) مندروں (C) گرجوں (D) کلیساؤں

5. ناصر کاظمی پیدا ہوئے۔
(A) انبالہ میں (B) دہلی میں (C) لاہور میں (D) کراچی میں

6. فیض احمد فیض کا انتقال ہوا۔
(A) 1912ء میں (B) 1985ء میں (C) 1812ء میں (D) 1811ء میں

7. نعت میں شاعر تعریف بیان کرتا ہے۔
(A) اللہ تعالیٰ کی (B) انسانوں کی (C) حضرت محمد ﷺ کی (D) مجاہد کی

8. سید ضمیر جعفری پیدا ہوئے۔
(A) راولپنڈی میں (B) گجرات میں (C) لاہور میں (D) جہلم میں

9. نظم ''شہیدوں کا لہو'' کے شاعر ہیں۔
(A) احمد ندیم قاسمی (B) احسان دانش (C) حالیؔ (D) غالبؔ

10. مضمون ''احسانِ عام'' کے مصنف ہیں۔
(A) سر سید احمد خان (B) مولوی چراغ علی (C) محمد حسین آزاد (D) ڈاکٹر سید عبداللہ

11. اُردو ____ زبان کا لفظ ہے۔
(A) ہندی (B) سنسکرت (C) ترکی (D) فارسی

12. مولوی چراغ علی کی عمر کیا تھی جب اُن کے والد فوت ہوئے؟
(A) 10 سال (B) 14 سال (C) 15 سال (D) 12 سال

13. محمد حسین آزاد پیدا ہوئے۔
(A) دہلی میں (B) لکھنؤ میں (C) کراچی میں (D) لاہور میں

14. ''تریاقِ سموم'' تصنیف ہے۔
(A) محمد حسین آزاد کی (B) خواجہ الطاف حسین حالیؔ کی (C) ڈاکٹر سید عبداللہ کی (D) رشید احمد صدیقی کی

15. بیگم اختر ریاض الدین کا تحریر کردہ سفرنامہ ہے۔
(A) غزنین کا سفر (B) جدہ ــــ راہِ مدینہ (C) سات سمندر پار (D) سیرِ افغانستان

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Subject Code | 5 | 0 | 3 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو ادب (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

-2 درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 6

(الف) خبر کیا تھی ملے گی یہ سعادت میرے دامن کو — بنایا جائے گا فرشِ عبادت میرے دامن کو
خبر ہوتی تو میں شبنم کے قطرے جمع کر رکھتا — چھپا کر ایک گوشے میں مصفّا حوض بھر رکھتا
وہ پانی ان مقدس مہمانوں کو پلادیتا — میں اپنی تشنگی دیدارِ حضرت ﷺ سے بجھا لیتا

(ب) واعظ ہے نہ زاہد ہے، ناصح ہے نہ قاتل ہے — اب شہر میں یاروں کی کس طرح بسر ہوگی 4
کب تک ابھی رہ دیکھیں اے قامتِ جانانہ — کب حشر معین ہے تجھ کو تو خبر ہوگی

-3 درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سیاق وسباق کا حوالہ، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ 10=1+1+2+6

اس سلسلے میں دوتین عذرات پیش کیے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ تیز مت چلو، تدریج کے ساتھ سب کچھ ہونا چاہیے،---- تدریج؟ بیشک تدریج! اگر تدریج کے معنے ہیں درجہ بدرجہ آگے بڑھنے کے! اس کے لئے لازم ہے۔ کہ منزل متعیّن ہو، آغاز ہو اور کہیں انتہا بھی ہو، اس کے لئے معقول درجے مقرر کیے جائیں---- ہر درجے سے گزرنے کی مدت مقرر کی جائے۔ اور پھر سچے دل سے اس پر عمل ہو!

-4 درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ 10

(i) اُردو ذریعہ تعلیم (ii) نذیر احمد کی کہانی

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 05

(i) صحرا کی دُعا (ii) شہیدوں کا لہو

-6 درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں۔ 15

(i) زم زم (ii) شہری اور دیہاتی زندگی (iii) یوم پاکستان

-7 احمد ندیم قاسمی پر سوانحی وتنقیدی خاکہ تحریر کریں۔ 10

**Roll No.**_______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 7 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو ادب (معروضی)

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1-1** سبق ''پڑیے گر بیمار'' کے مصنف کس چیز کے خوف سے تندرست رہنا چاہتا ہے؟
(A) عیادت (B) علاج (C) مہنگائی (D) علالت

2. مصنف نے ہمدردانِ صحت کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

3. اُردو ادب میں تمثیل نگاری میں کسے کمال حاصل تھا؟
(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) محمد حسین آزاد (C) الطاف حسین حالیؔ (D) شبلی نعمانی

4. ''طبقات الارض'' کا مصنف کون ہے؟
(A) حالیؔ (B) سرسیّد احمد خان (C) شبلی نعمانی (D) محمد حسین آزاد

5. ''زبان گویا'' کس کی تحریر ہے؟
(A) آزاد کی (B) شبلی کی (C) حالیؔ کی (D) مولوی چراغ علی کی

6. ''مقتدرہ قومی زبان'' کی طرف سے جامع سفارشات کب پیش کی گئیں؟
(A) 1982ء (B) 1983ء (C) 1984ء (D) 1985ء

7. فرحت اللہ بیگ کے مضامین کتنی جلدوں میں چھپ چکے ہیں؟
(A) دو جلدوں میں (B) تین جلدوں میں (C) چار جلدوں میں (D) پانچ جلدوں میں

8. مصنف کے بقول اُس دن کس ملک کی ڈاک روانہ ہونے کا دن تھا؟
(A) ہندوستان (B) افریقہ (C) شام (D) مصر

9. کابل سے غزنین کا فاصلہ کتنا ہے؟
(A) 80 میل (B) 81 میل (C) 82 میل (D) 83 میل

10. اہرامِ مصر کی تعمیر کب ہوئی؟
(A) دو ہزار سال ق م (B) اڑھائی ہزار سال ق م (C) تین ہزار سال ق م (D) چار ہزار سال ق م

11. احسان دانش کا پہلا مجموعہ کون سا ہے؟
(A) حدیثِ ادب (B) چراغاں (C) آتشِ خاموش (D) جادۂ نو

12. خواجہ میر دردؔ کی تاریخ وفات ہے۔
(A) 1780ء (B) 1782ء (C) 1783ء (D) 1785ء

13. حالیؔ کہاں پیدا ہوئے؟
(A) جالندھر (B) پانی پت (C) دہلی (D) لاہور

14. ذوقؔ کے والد کا نام تھا؟
(A) محمد امین (B) محمد رمضان (C) محمد ہاشم (D) محمد نفیس

15. میر اظہر حسن کن کے والد تھے؟
(A) آتشؔ کے (B) حسرتؔ کے (C) داغؔ کے (D) ذوقؔ کے

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Subject Code | 5 | 0 | 3 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (انشائیہ)

نمبر: 60

وقت: 2:10 گھنٹے

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 10=5x2

i. ہم تو مائل بہ کرم ہیں ، کوئی سائل ہی نہیں — راہ دکھلائیں کسے ، رہروِ منزل ہی نہیں

ii. تربیّت عام تو ہے ، جوہر قابل ہی نہیں — جس سے تعمیر ہو آدم کی ، یہ وہ گِل ہی نہیں

iii. کوئی قابل ہو تو ہم شانِ کئی دیتے ہیں — ڈھونڈنے والوں کو دُنیا بھی نئی دیتے ہیں

iv. حاصلِ عِشق ہے رسوائی بھی ناکامی بھی — حاصلِ عُمر نہ جانے ابھی کیا کیا ہوگا

v. کب جان لہو ہو گی ، کب اشک گُہر ہوگا — کس دِن تری شنوائی اے دیدۂ تر ہوگی

3- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سیاق وسباق کا حوالہ، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ 10=1+1+2+6

"کچھ ایسے عیادت کرنے والے بھی ہیں جن کے اندازِ پرسش سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیماری ایک سنگین جُرم ہے اور وہ کسی ہدایت کے بموجب اس کی تفتیش پر مامور کیے گئے ہیں۔ پچھلے سال جب انفلوئنزا کی وبا پھیلی اور میں بھی صاحب فراش ہو گیا تو ایک ہمارے ہمسائے جو کبھی پھٹکتے بھی نہ تھے، کمرۂ علالت میں بہ نفسِ نفیس تشریف لائے اور خُوب کرید کرید کر جرح کرتے رہے۔ بالآخر اپنا مُنہ میرے کان کے قریب لاکر رازدارانہ انداز میں کچھ ایسے سوالات کیے جن کے پوچھنے کا حق میری ناچیز رائے میں منکر نکیر کے علاوہ کسی کو نہیں پہنچتا۔"

4- درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ 10

(i) کلیدِ کامیابی (ii) قاہرہ

5- درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 05

(i) جوابِ شکوہ (ii) شہیدوں کا لہو

6- درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں۔ 15

(i) وقت کی پابندی (ii) عیدین (iii) شہری زندگی کے مسائل

7- مرزا اسد اللہ خان غالبؔ پر سوانحی وتنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 7 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1 ''گنج ہائے گرانمایہ'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) رشید احمد صدیقی (B) سر سید احمد خان (C) ڈاکٹر سید عبداللہ (D) فرحت اللہ بیگ

2. پطرس بخاری کی تصنیف (تخلیق) ہے؟
(A) بندر والا (B) ماما عظمت (C) آنگن (D) مرحوم کی یاد میں

3. 1969ء میں ایک تعلیمی کمیشن بنا اُس کے سربراہ کا کیا نام تھا؟
(A) ایم شریف (B) ائیر مارشل نور خان (C) اصغر خان (D) احمد کمال

4. شفیق الرحمٰن کی تاریخ وفات ہے۔
(A) 1999ء (B) 2001ء (C) 2003ء (D) 2005ء

5. کتاب ''پچھتاوے'' کے مصنف کون ہیں؟
(A) مشتاق احمد یوسفی (B) شفیق الرحمٰن (C) فرحت اللہ بیگ (D) رشید احمد صدیقی

6. میں اُس جسمانی تکلیف سے بالکل نہیں گھبراتا جو لازمۂ __________ ہے۔
(A) عیادت (B) ملازمت (C) علالت (D) عدالت

7. سر سید احمد خان کا قائم کردہ سکول کس سن میں کالج بنا؟
(A) 1876ء (B) 1877ء (C) 1878ء (D) 1879ء

8. سبق ''کاہلی'' اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) مضمون (B) افسانہ (C) کہانی (D) خاکہ

9. __________ کا رقبہ کچھ زیادہ بڑا نہیں۔
(A) جدہ (B) ریاض (C) طائف (D) مدینہ

10. عبدالماجد دریابادی کس یونیورسٹی کے دارالترجمہ میں مترجم رہے؟
(A) علی گڑھ (B) لکھنؤ (C) جامع عثمانیہ (D) بنارس

11. علامہ محمد اقبال کو کس سن میں سر کا خطاب ملا؟
(A) 1920ء (B) 1922ء (C) 1924ء (D) 1926ء

12. حفیظ جالندھری کی پیدائش کس سن میں ہوئی؟
(A) 1900ء (B) 1901ء (C) 1902ء (D) 1903ء

13. فیض احمد فیض نے ابتدائی تعلیم کہاں پائی؟
(A) انبالہ (B) امرتسر (C) لاہور (D) سیالکوٹ

14. نظم ''اے وطن'' کس کی تحریر ہے؟
(A) احسان دانش (B) فیض احمد فیض (C) اقبال (D) حفیظ جالندھری

15. حسرت موہانی نے اساتذہ کے کلام کو کتنی جلدوں میں شائع کیا؟
(A) پانچ (B) سات (C) نو (D) گیارہ

S.S.C - (Part-II)-A- 2017

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردُو ادب (انشائیہ)

نمبر: 60

وقت: 2:10 گھنٹے

**-2** درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 10=5x2

i. کیوں زیاں کار بنوں، سود فراموش رہوں؟ فکرِ فردا نہ کروں، محوِ غم دوش رہوں۔

ii. امتیازِ حق و باطل ہے بڑے کام کی چیز۔ یہ تعصب، یہ حسد تنگ دِلوں کا ہے شِعار۔

iii. شہیدوں کا لہو وہ نقش ہے اِنساں کی عزت کا۔ جسے دنیا جہادِ حریت کا نام دیتی ہے۔

iv. قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بُو پر۔ چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں۔

v. اور کیا دیکھنے کو باقی ہے۔ آپ سے دِل لگا کے دیکھ لیا۔

**-3** درج ذیل نثر پارے کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+2+6

''یہاں گاؤں کی آبادی کا اُصول یہ ہے کہ چشمے جدھر جدھر مڑتے ہوئے بہتے ہیں اُن ہی کے قریب تھوڑی تھوڑی دور پر گاؤں آباد ہوتے ہیں۔ پھر قدرتی اسباب سے یہ چشمے بھی خشک یا بند ہو جاتے ہیں تو یہ گاؤں بھی مٹ جاتے ہیں اور دوسری جگہ منتقل ہو جاتے ہیں۔ کہیں ایسا نظر آیا کہ چشمے نے گاؤں کی ایک سمت سے دوسری سمت رُخ کر لیا تو گاؤں کی آبادی نے اِدھر سے اپنے جھونپڑے اُٹھا کر اُدھر ڈال دیئے۔ دیواریں مٹی کی اور چھتیں بھی عموماً مٹی کی ہوتی ہیں اور بارش کی کمی کے سبب سے یہ چھتیں یہاں مستحکم رہتی ہیں''۔

**-4** درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں اور مصنف کا نام بھی تحریر کریں۔ 10

(i) احسانِ عام۔ (ii) غزنین کا سفر۔

**-5** درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 05

(i) اے وطن (ii) ایک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں۔

**-6** درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کیجیے۔ 15

(i) علامہ محمد اقبالؒ (ii) ایک دلچسپ سفر۔ (iii) محنت کی برکتیں۔

**-7** فرحت اللہ بیگ پر سوانحی اور تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 7 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو ادب (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1 رشید احمد صدیقی کس سن میں علی گڑھ کالج میں اُردو کے پرنسپل ہو گئے؟
(A) 1920ء (B) 1922ء (C) 1924ء (D) 1926ء

2. حکومت برطانیہ نے علامہ اقبال کو کس سن میں ''سر'' کا خطاب دیا؟
(A) 1920ء (B) 1922ء (C) 1924ء (D) 1926ء

3. ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' یہ کس کے لکھے ہوئے مضمون کا عنوان ہے؟
(A) حالی (B) شبلی (C) آزاد (D) نذیر احمد

4. مولانا عبدالماجد دریا آبادی نے کس سن میں وفات پائی؟
(A) 1975ء (B) 1977ء (C) 1979ء (D) 1981ء

5. 1916ء میں ایک علمی ماہنامہ ''معارف'' کس نے جاری کیا؟
(A) عبدالماجد دریا آبادی (B) رشید احمد صدیقی (C) سید سلیمان ندوی (D) ڈپٹی نذیر احمد

6. ''دھنک پر قدم'' کس کا سفر نامہ ہے؟
(A) ابن انشاء (B) عبدالماجد دریا آبادی (C) سید سلیمان ندوی (D) بیگم اختر ریاض الدین

7. آپ کے نصاب میں شامل نظم ''اے وطن'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(A) حفیظ جالندھری (B) فیض احمد فیض (C) علامہ اقبالؒ (D) احسان دانش

8. فرحت اللہ بیگ کے مضامین کتنی جلدوں میں چھپ چکے ہیں؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

9. مصنف نے ہمدردانِ صحت کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

10. ''طبقات الارض'' کا مصنف کون ہے؟
(A) حالی (B) سرسید احمد خاں (C) شبلی (D) آزاد

11. مصنف کے بقول اُس دن کس ملک کی ڈاک روانہ ہونے کا دن تھا؟
(A) ہندوستان (B) افریقہ (C) شام (D) مصر

12. فیض احمد فیض کہاں پیدا ہوئے؟
(A) گورداس پور (B) سیالکوٹ (C) امرت سر (D) لاہور

13. ذوقؔ کے والد کا کیا نام تھا؟
(A) محمد امین (B) محمد رمضان (C) محمد ہاشم (D) محمد نفیس

14. سبق ''پڑیے گر بیمار'' کا مصنف کس چیز کے خوف سے تندرست رہنا چاہتا ہے؟
(A) عیادت (B) علاج (C) مہنگائی (D) علالت

15. سید ضمیر جعفری کی نظم ''ایک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں'' کے کتنے اشعار آپ کے نصاب میں شامل ہیں؟
(A) دس (B) گیارہ (C) بارہ (D) چودہ

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردُو ادب (انشائیہ)

نمبر: 60

وقت: 2:10 گھنٹے

**2-** درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 10=5x2

i. ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں — راہ دکھلائیں کسے، رہرو منزل ہی نہیں

ii. تربیت عام تو ہے، جوہرِ قابل ہی نہیں — جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گِل ہی نہیں

iii. شہیدوں کا لہو وہ آسماں ہے جس کے سائے میں — سنور جاتی ہیں تاریخیں، نکھر جاتی ہیں تہذیبیں

iv. حسن کا ناز عاشق کا نیاز — اب تو کچھ بھی وہ ماجرا نہ رہا

v. ترے آنے کا دھوکا سا رہا ہے — دیا سا رات بھر جلتا رہا ہے

**3-** درج ذیل نثر پارے کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=1+1+2+6

''بایں ہمہ یہ عجیب بات تھی کہ مولانا کی غیر متوقع آمد پر بھی لوگ خوش اور بشاش ہو جاتے تھے۔ گفتگو کی روانی اور تسلسل میں کوئی فرق نہ آتا اور لوگ آرزو کرتے کہ مولانا بھی اُن کی گفتگو میں شریک ہوں۔ مرحوم کی سیرت وشخصیت کا کمال یہ تھا کہ کبھی کسی حالت میں نہ اپنے حدود سے خود متجاوز ہوتے تھے اور نہ دوسرا متجاوز ہو سکتا تھا۔ مرحوم کو خدا نے ایسا متوازن دل ودماغ دیا تھا، اور اُن کی شخصیت اتنی دلآویز تھی کہ اُن کو اپنے منصب کی آڑ پکڑنے کی کبھی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔''

**4-** درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں اور مصنف کا نام بھی تحریر کریں۔ 10=1+9

(i) زبانِ گویا (ii) قاہرہ

**5-** درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 05

(i) شکوہ (ii) ایک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں۔

**6-** درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کیجیے۔ 15

(i) میرا پسندیدہ ناول نگار (ii) طلبہ کی ذمہ داریاں (iii) اسلام اور رواداری

**7-** فیض احمد فیض پر سوانحی اور تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=4+6